سوال

سسرالی رشتے داروں میں کس سے نکاح کرنا حرام ہے ؟

جواب

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اللہ تعالی نے سورہ نساء میں ان رشتوں کا ذکر تفصیل کے ساتھ کیا ہے جن سے نکاح کرنا حرام ہے ۔

ارشاد باری تعالی ہے :

وَلَا تَنكِحُوا مَا نَكَحَ آبَاؤُكُم مِّنَ النِّسَاءِ إِلَّا مَا قَدْ سَلَفَ إِنَّهُ كَانَ فَاحِشَةً وَمَقْتًا وَسَاءَ سَبِيلًا حُرِّمَتْ عَلَيْكُمْ أُمَّهَاتُكُمْ وَبَنَاتُكُمْ وَأَخَوَاتُكُمْ وَعَمَّاتُكُمْ وَخَالَاتُكُمْ وَبَنَاتُ الْأَخِ وَبَنَاتُ الْأُخْتِ وَأُمَّهَاتُكُمُ اللَّاتِي أَرْضَعْنَكُمْ وَأَخَوَاتُكُم مِّنَ الرَّضَاعَةِ وَأُمَّهَاتُ نِسَائِكُمْ وَرَبَائِبُكُمُ اللَّاتِي فِي حُجُورِكُم مِّن نِّسَائِكُمُ اللَّاتِي دَخَلْتُم بِهِنَّ فَإِن لَّمْ تَكُونُوا دَخَلْتُم بِهِنَّ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ وَحَلَائِلُ أَبْنَائِكُمُ الَّذِينَ مِنْ أَصْلَابِكُمْ وَأَن تَجْمَعُوا بَيْنَ الْأُخْتَيْنِ إِلَّا مَا قَدْ سَلَفَ إِنَّ اللَّهَ كَانَ غَفُورًا رَّحِيمًا (النساء : 22-23)

اوران عورتوں سے نکاح مت کروجن سے تمھارے باپ نکاح کرچکے ہوں ، مگر جو پہلے گزرچکا ، بے شک یہ ہمیشہ سے بڑی بے حیائی اور سخت غصے کی بات ہے اوربرا راستہ ہے ۔ اور ان عورتوں سے نکاح مت کروجن سے تمھارے باپ نکاح کرچکے ہوں ، مگر جو پہلے گزرچکا ، بے شک یہ ہمیشہ سے بڑی بے حیائی اور سخت غصے کی بات ہے اوربرا راستہ ہے ۔ حرام کی گئیں تم پر تمھاری مائیں اور تمھاری بیٹیاں اور تمھاری بہنیں اور تمھاری پھوپھیاں اور تمھاری خالائیں اور بھتیجیاں اور بھانجیاں اور تمھاری وہ مائیں جنھوں نے تمھیں دودھ پلایا ہو اور تمھاری دودھ شریک بہنیں اور تمھاری بیویوں کی مائیں اور تمھاری پالی ہوئی لڑکیاں ، جو تمھاری گود میں تمھاری ان عورتوں سے ہیں جن سے تم صحبت کرچکے ہو ، پھر اگر تم نے ان سے صحبت نہ کی ہو تو تم پر کوئی گناہ نہیں اور تمھارے ان بیٹوں کی بیویاں جو تمھاری پشتوں سے ہیں اور یہ کہ تم دو بہنوں کو جمع کرو ، مگر جو گزرچکا ۔ بے شک اللہ ہمیشہ سے بے حد بخشنے والا ، نہایت مہربان ہے ۔

مندرجہ بالا آیات مبارکہ میں ان سسرالی رشتے داروں کا بھی ذکر ہے جن سے نکاح حرام ہے جن کی تفصیل ذیل میں دی گئی ہے :

وَلَا تَنكِحُوا مَا نَكَحَ آبَاؤُكُم مِّنَ النِّسَاءِ : جاہلیت کے دستور میں بیٹے کے لیے اپنے باپ کی منکوحہ (سوتیلی ماں) سے شادی کرلینا جائز تھا ، اللہ تعالیٰ نے اسے سخت حرام قرار دیا ، حتیٰ کہ اگر باپ نے صرف عقد ہی کیا ہو تو بھی بیٹے کا اس سے نکاح حرام ہے ۔ یہ سخت بے حیائی اور اللہ کی سخت ناراضگی کا باعث اور برا راستہ ہے کہ آج تم نے اپنے باپ کی منکوحہ سے نکاح کیا ہے ، کل تمھاری منکوحہ سے تمھارا بیٹا نکاح کرے گا ، اللہ تعالی نے یہ راستہ ہی بند کردیا ۔

وَأُمَّهَاتُ نِسَائِكُمْ : اس میں بیویوں کی نانیاں اور دادیاں بھی اوپر تک شامل ہیں ۔ بیوی کی ماں (ساس) حرام ہے ، خواہ بیوی کو جماع سے پہلے طلاق دے دی ہو ، یا اس کا انتقال ہوگیا ہو ۔

وَرَبَا ئِبُكُمُ اللَّاتِي فِي حُجُورِكُم مِّن نِّسَائِكُمُ اللَّاتِي دَخَلْتُم بِهِنَّ : "رَبَائِبُ " یہ ''رَبِيْبَةٌ'' کی جمع ہے، یعنی بیوی کی دوسرے خاوند سے جو لڑکی ہو وہ بھی حرام ہے، بشرطیکہ اپنی بیوی (اس لڑکی کی ماں) سے جماع کرلیا ہو، اگر قبل از جماع طلاق دے دی تو عورت کی لڑکی سے نکاح جائز ہے، اس پر علماء کا اتفاق ہے۔ (قرطبی، ابن کثیر)

"**فِي حُجُورِكُم** " (تمہاری گود میں) کی قید شرط کے طور پر نہیں، بلکہ اتفاقی ہے یعنی عام حالات میں ایسا ہوتا ہے، ورنہ اگر اس کی پرورش کسی اور جگہ ہوئی ہو تو بھی وہ حرام ہے۔

وَحَلَائِلُ أَبْنَائِكُمْ : "وَحَلَائِلُ " یہ "حَلِيلَةٌ "کی جمع ہے، یعنی صلبی بیٹوں کی بیویاں نہ کہ منہ بولے بیٹوں کی بیویاں۔

واللہ أعلم بالصواب

محدث فتوی کمیٹی